طبِّ نبوی ﷺ

مرتبہ: حافظ نذر احمد

ملنے کا پتہ: مسلم اکادمی۔ نذر منزل ۲۹/۱۸، محمد نگر، علامہ اقبال روڈ لاہور

سائز: ۲۰×۳۰/۱۶، صفحات ۲۴۰، قیمت: چار روپے پچاس پیسے۔

سستا ایڈیشن: تین روپے ۵۰ پیسے۔

حافظ نذر احمد پرنسپل شبلی کالج لاہور، متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب "طبِ نبوی ﷺ" اپنے موضوع پر ان کی معلومات افزا تصنیف ہے جو صحت اور حفظانِ صحت، بیمار اور بیماری کا فلسفہ، علاج اور پرہیز، معالجاتِ نبوی، کھانا اور کھانے کے آداب، پانی پینے کے آداب، نشست و برخاست کے اصول، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی غذا اور عیادتِ مریض وغیرہ نو ابواب پر مشتمل ہے۔

اس میں ان امراض اور ان کے علاج کی نشاندہی کی گئی ہے، جن سے متعلق احادیثِ نبوی میں کچھ اشارات پائے جاتے ہیں۔ ہر باب میں متعلقہ احادیث، ان کے ترجمے اور مناسب تشریح کے ساتھ بہتر انداز میں جمع کر دی گئی ہیں۔ جو حضرات اس موضوع سے لگاؤ رکھتے ہیں ان کے لیے کتاب میں احادیث نبوی کی روشنی میں اچھا خاصا طبی ذخیرہ موجود ہے۔

معلوم ہوتا ہے، اس کی تصحیح کی طرف مناسب توجہ مبذول نہیں کی گئی۔ احادیث کے عربی متن میں بہت سی غلطیاں رہ گئی ہیں جو ایک علمی کتاب کی افادیت پر اثر انداز ہوتی ہیں۔

امید ہے، آیندہ ایڈیشن میں اس کا خیال رکھا جائے گا۔

(م - ا - ب)